## اگر مستقبل قریب میں کوئی بھی غیر معمولی اقدام اٹھایا جاتا ہے تو رابطہ کمیٹی فوری اجلاس کر کے اس کے اسباب اوروجوہات سے عوام کو آگاہ کریں ۔الطاف حسین

## تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں اختلافات بالائے طاق رکھ کر ملک کو موجودہ نازک صورتحال سے نکالنے کیلئے متحد ہوجائیں

## اگر پاکستان کی سیاسی ومذہبی جماعتیں ملک کو بچانے کی جدوجہد کی قیادت کرنے کو تیار ہیں تو ہم انکے بھی پیچھے چلنے کو تیار ہیں

## لندن میں متحدہ قومی موومنٹ کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں اجلاس سے خطاب

لندن ۔۔۔2 نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ذاتی مفادات اور اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ملک کو موجودہ نازک صورتحال سے نکالنے کیلئے متحد ہوجائیں ۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ کے ذمہ داران سے بھی کہا کہ وہ کسی بھی غیرمعمولی صورتحال میں عوام کو اصل حقائق سے آگاہ کریں۔وہ گزشتہ روز لندن میں متحدہ قومی موومنٹ کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں ایک اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق ،رابطہ کمیٹی کے دیگر اراکین ، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے اراکین اور پاکستان سے آئے ہوئے حق پرست منتخب نمائندوں کے علاوہ ایفرو ایشیئن سالیڈیریٹی کے صدر پروفیسر محمدعارف بھی موجود تھے ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ مختلف ملکی وغیرملکی پرنٹ اورالیکٹرونک میڈیا کے ذریعے یہ بات سامنے آرہی ہے کہ ملک کی موجود ہ صورتحال کے پیش نظر کسی قسم کا غیرمعمولی اقدام کیاجاسکتا ہے۔ اسکے علاوہ سیاسی اکابرین اور تجزیہ نگار بھی اسی طرح کے خیالات کااظہار کررہے ہیں ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ پاکستان کے عوام کو باالعموم اور ایم کیوایم کے ذمہ داروں ،کارکنان اور ہمدردوں کوباالخصوص وقت سے پہلے نہ صرف تمام تر حالات سے آگاہ کیا ہے بلکہ انہیں ہمیشہ اصل حقائق بتائے ہیں اور غلط بیانی یا جھوٹ سے کام نہیں لیا۔ انہوں نے رابطہ کمیٹی سے کہا کہ اگر مستقبل قریب میں کوئی بھی غیرمعمولی اقدام اٹھایا جاتا ہے تو لندن اور پاکستان میں موجود رابطہ کمیٹی کے اراکین فوری اجلاس کرکے اس معاملے پر تفصیلی تبادلہ خیال کریں اوراس غیر معمولی اقدام کی وجوہات اوراسباب سے قوم کوآگاہ کریں ۔انہوں نے کہا کہ اس حوالہ سے ملک کی سیاسی اورمذہبی جماعتوں پر بھی بہت بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ اگر خدانخواستہ کل ملک کو کوئی نقصان پہنچتا ہے تو کیا وہ تمام تر صورتحال جانتے ہوئے اس ہونے والے نقصان سے اپنے آپکو بری الذمہ سمجھیں گی؟ اور اگر سیاسی ومذہبی جماعتیں سمجھتی ہیں کہ وہ حقائق کو جانتی ہیں تو پھر انہیں سوچنا چاہیے کہ ملک جس نازک صورتحال سے گزررہا ہے ،سوات ،شمالی علاقہ جات اور بلوچستان میں جس جنگی صورتحال کا سامنا ہے اسکے پیش نظر ملک سیاسی ومذہبی جماعتوں سے کیا تقاضہ کررہا ہے اورعوام کیا تقاضہ کررہے ہیں کہ وہ ذاتی مفادات کی سیاست ترک کرکے اس وقت ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوجائیں اورغور کریں کہ آیا روز مرہ ،خودکش حملوں کا جاری رہنا ملک کے بہتر مفاد میں ہے جس میں صرف سیکوریٹی اہلکار ہی نہیں بلکہ سادہ لوح عوام حتیٰ کہ معصوم بچے اور بچیاں تک جاں بحق اور زخمی ہورہے ہیں؟جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس وقت ملک کی تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کواپنے اختلافات الگ رکھ کر ملکی سا لمیت کوعزیز جانتے ہوئے یہ فیصلہ کرنا ہے کہ عوام کو ساتھ لے کر ایسا ٹھوس لائحہ عمل بنائیں جس سے ملک کو ان خودکش حملوں سے محفوظ رکھنے کی کوشش کی جائے ۔ اسی میں ملک اورعوام کی بھلائی ہے کیونکہ ملک ہوگا تو اختلافات اور اتفاقات کا دور چلتا رہے گا لیکن خدانخواستہ ملک ہی نہ رہا تو اختلافات اور اتفاقات کا دور بھی ختم ہوجائے گا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں بہت سنجیدگی سے پاکستان کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں سے یہ اپیل کررہا ہوں اور اس کے ساتھ ساتھ عوام سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنے پرائے کی تمیز کریں کہ کون عوام کو اصل حقائق سے آگا ہ کررہا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ الطاف حسین نے کبھی قوم کو تاریکی میں نہیں رکھا بلکہ ہمیشہ حقائق سے آگاہ کیا ہے لیکن یہ صرف میرا ہی فرض نہیں ہے ۔ایک پاکستانی کی حیثیت سے میں اپنی صلاحیتوں کے مطابق ملک کو بچانے کی کوشش کررہا ہوں اور مجھے امید ہے کہ عوام اس میں میرا اورایم کیوایم کا ساتھ دیں گے ۔ انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان کی سیاسی ومذہبی جماعتیں ملکی بقاء کیلئے اورملک کو بچانے کی جدوجہد کی قیادت کرنے کو تیار ہیں تو ہم انکے بھی پیچھے چلنے کو تیار ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک میں آئے دن خودکش حملوں میں بے گناہ شہریوں کے ہلاک ہونے پر ہمارے دل خون کے آنسو روتے ہیں لیکن اس میں ہم اکیلے کیا کرسکتے ہیں؟ ہمیں اس میں عوام،دیگر سیاسی ومذہبی جماعتوں اور ملکی اداروں کے تعاون کی ضرورت ہے ۔انہوں نے کہا کہ ہم جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کویقین دلاتے ہیں کہ انکے دکھ میں ایم کیوایم برابر کی شریک ہے اور ہم زخمیوں کی جلدصحت یابی کیلئے بھی دعا کرتے ہیں ۔

## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین اتوار کو KDA، آفیسرز کلب کراچی میں گریجویٹ فورم کے اجتماع سے خطاب کریں گے

کراچی ۔۔۔2، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اتوار 4، نومبر کو شام 6 بجے KDA آفیسرز کلب کشمیر روڈ پر گریجویٹ فورم کے زیراہتمام اجتماع سے خطاب کرینگے ۔ اجتماع میں معروف دانشور ،ادیب، شعراء ، قلمکار ، ڈاکٹرز ،ماہرتعلیم ، انجینئرز اور وکلاء سمیت زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات شرکت کریں گی ۔اس نشست کا اہتمام گریجویٹ فورم کی جانب سے کیا جارہا ہے اور منتظمین کی جانب سے تقریب کے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔

## بلوچستان کی مختلف سیاسی ومذہبی جماعتوں کے درجنوں کارکنان کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کوئٹہ ۔۔۔2، نومبر 2007ء

بلوچستان کے شہر سبی اور اسکے گرد و نواح سے تعلق رکھنے والے سیاسی و مذہبی جماعتوں کے مزیددرجنوں کارکنوں نے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے اور غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کیلئے ایم کیوایم کی عملی جدوجہد اور جناب الطاف حسین کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے ۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی ، صوبائی سیکریٹری نشرو اشاعت نعیم احمد خان ، صوبائی فنانس سیکریٹری ندیم احمد شیخ اور رکن صوبائی کمیٹی محمد کامران راجپوت سے سبی میں ملاقات کے دوران کیا جو ان دنوں تنظیمی دورے کے سلسلے میں سبی میں گئے ہوئے ہیں۔ آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے سیاسی کارکنوں کی ایم کیوایم میں شمولیت کا خیرمقدم کیا اور انہیں ایم کیوایم کے اغراض ومقاصد سے آگاہ کیا۔قبل ازیں آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے سبی کے مختلف علاقوں میں اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا نظریہ اورفکروفلسفہ سچائی پر مبنی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ملک بھر کے مظلوم عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ ملک بھر کے مظلوم عوام کا اتحاد پاکستان سے ظلم کے فرسودہ نظام کے خاتمے کی نوید ثابت ہوگا۔

## ماڑی پورمیں ایم کیوایم کے سیکٹر آفس کا افتتاح

کراچی ۔۔۔2، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے زیر اہتمام ماڑی پور میں ایم کیوایم کے سیکٹر آفس کا افتتاح کردیا گیاہے۔افتتاحی تقریب میں ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج عبد الخالق بلوچ اور رکن شاہد علی نے شرکت کی۔ اس موقع پر ماڑی پورسیکٹر کمیٹی کے ارکان اورکارکنان بھی موجود تھے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج عبد الخالق بلوچ نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد اقتدار کے حصول کیلئے نہیں ہے بلکہ ملک کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کے حصول کیلئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک کے کارکنان کا یہ بنیادی فرض ہے کہ وہ اپنے کاز ،مشن ، مقصد ، نظریئے اورفکر و فلسفہ کے فروغ کیلئے دلجمعی اورمحنت ولگن سے کام کریں اورتحریک کے پیغام کو عام کرنے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں استعمال کریں ۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ خدمت خلق کو اپنا شعائر بنائیں اورمسائل کا شکارعوام کی بھرپورخدمت کریں۔

## یم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی ۔۔۔2، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے کارکن کوثر علی شاہ ایڈوکیٹ کے والدنعیم شاہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کااظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کویہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔ دریں اثناء ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے اراکین نے بھی کوثرعلی شاہ کے والد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا اورسوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کی ہے۔

## لیاری ٹاؤن میں 60لاکھ گیلن یومیہ اضافی پانی کے منصوبے کے افتتاح پر سٹی ناظم مصطفیٰ کمال کا خیر مقدم
## حق پرست قیادت بلا امتیاز وتفریق عوام کی عملی خدمت کررہی ہے ،اراکین اسمبلی

کراچی ۔۔۔2، نومبر 2007ء

حق پرست اراکین اسمبلی نے لیاری میں پانی کی فراہمی کے دیرینہ مسئلہ کے حل کیلئے حق پرست بلدیاتی قیادت کی جانب سے لیاری ٹاؤن میں 60لاکھ گیلن یومیہ اضافی پانی کی سپلائی کی منصوبے کے افتتاح اور لیاری ٹاؤن کی سڑکوں کے انفرااسٹرکچر کیلئے 20 کروڑ روپے کے خصوصی پیکیج کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ حق پرست قیادت بلاامتیاز وتفریق عوام کی عملی خدمت کررہی ہے ۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ لیاری کے غریب عوام عرصہ دراز سے پانی جیسی بنیادی سہولت سے محروم تھے اور سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال نے لیاری کے عوام کے دیرینہ مسئلہ کے حل کیلئے ایک اور منصوبے کا افتتاح کردیا ہے جسکے تحت لیاری کے عوام کو 60 لاکھ گیلن یومیہ پانی فراہم ہوسکے گا ۔انہوں نے مزید کہا کہ سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال کی جانب سے لیاری ٹاؤن میں سڑکوں کی تعمیر کیلئے 20 کروڑ روپے کے خصوصی پیکیج کا بھی اعلان کیا گیا ہے جس سے لیاری کے عوام کو بہترین سفری سہولیات میسر آسکیں گی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے حق پرست نمائندوں کو ہمیشہ بلاامتیاز وتفریق عوام کی عملی خدمت کا درس دیا ہے اورحق پرست بلدیاتی نمائندے جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے لیاری سمیت شہر بھر کے عوام کی عملی خدمت میں مصروف ہیں۔

## شاہ فیصل کالونی کے فرحان عرف سرکٹ، رزاق پٹھان اور حنیف کا ایم کیوایم سے کوئی تعلق نہیں ہے ، رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔2، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے شاہ فیصل کالونی یونٹ 103 کے رہائشی فرحان عرف سرکٹ ولد ناصر ، رزاق پٹھان ولد حاجی عبدالخالق اور حنیف پٹھان ولد سردول خان سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے ۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مذکورہ بالا افراد خود کو متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان ظاہر کرتے ہیں جبکہ ان کا ایم کیوایم سے کسی قسم کا قطعی کوئی تعلق نہیں ہے ۔

## ایم کیوایم امریکہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کا واشنگٹن کے یونٹ انچارج مصباح باسط سے اظہار تعزیت
## ٹیکساس یونٹ کے کارکن اخلاق حسین کے بھائی اشفاق حسین کی علالت پر اظہار تشویش

واشنگٹن ۔۔۔2، نومبر 2007ء

ایم کیوایم اوورسیز امریکہ کی آرگنائزنگ کمیٹی نے ٹیکساس یونٹ کے کارکن اخلاق حسین کے بھائی اشفاق حسین کی ڈینگی وائرس میں مبتلا ہونے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے ۔ آرگنائزنگ کمیٹی نے واشنگٹن کے یونٹ انچارج مصباح باسط کے سسر کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔ اپنے بیان میں آرگنائزنگ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اورلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## ایم کیوایم امریکہ کے زیراہتمام سانحہ 31، اکتوبر کے شہداء کی برسی منائی گئی

واشنگٹن ۔۔۔2، نومبر 2007ء

ایم کیوایم اوورسیز امریکہ یونٹ کے زیراہتمام سانحہ 31، اکتوبر1986ء کے شہداء کی 21 ویں برسی عقیدت واحترام سے منائی گئی۔برسی کے سلسلے میں امریکہ کے مختلف شہروں میں تعزیتی اجتماعات منعقد کیے گئے جن میں ایم کیوایم نارتھ امریکہ کے نگراں ڈاکٹر خالدمقبول صدیقی، ایم کیوایم امریکہ کے آرگنائزر اعجاز صدیقی ، جوائنٹ آرگنائزر فرحت خان ، آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان ، مختلف یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی اس موقع پر سانحہ 31، اکتوبر کے شہداء سمیت تحریک کے تمام شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی بھی کی گئی۔ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے حق پرست شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ 31، اکتوبر ایک سوچے سمجھے سازشی منصوبے کا حصہ تھا جسکا مقصد ایم کیوایم

کوعوام میں پھیلنے سے روکنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ظلم وجبر سے حق پرستی کی جدوجہد کو روکا نہیں جاسکا اور آج شہداء کی قربانیوں کے صدقے ایم کیوایم کا پیغام ملک بھر کے مظلوم عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کا آج بھی عزم ہے کہ وہ اپنے شہیدوں کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دینگے اور جس عظیم مقصد کیلئے حق پرست شہداء نے اپنی جانوں کے نذرانے دیئے اس مقصد کے حصول کی جدوجہد جاری رہے گی۔ بعدازاں آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن معید صدیقی نے فاتحہ خوانی کی اوراجتماعی دعا کرائی۔

## ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام سانحہ 31، اکتوبر کے شہداء کی قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع

لندن ۔۔۔2، نومبر 2007ء

ایم کیوایم یوکے یونٹ کے زیراہتمام سانحہ 31، اکتوبر کے شہداء کی 21 ویں برسی عقیدت واحترام سے منائی گئی اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی ۔ برسی کا اجتماع ایجویئر میں واقع ایم کیوایم یوکے آفس میں ہوا جس میں ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزر زعظمت بیگ، فیض احمد ، آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان اورمختلف ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی۔ اس موقع پر شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ بعدازاں اجتماعی دعا ہوئی جس میں حق پرست شہداء کے بلند درجات،انکے لواحقین کیلئے صبرجمیل ،ایم کیوایم کی جدوجہدکی کامیابی اورتحریک کے خلاف سازشوں کے خاتمے کے علاوہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراور صحت وعافیت کیلئے دعائیں کی گئیں

## ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکن غلام فاروق جھلس کر زخمی ہونے کے بعد انتقال کرگئے،الطاف حسین کااظہار افسوس

کراچی ۔۔۔2، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن غلام فاروق جھلس کر زخمی ہونے کے بعد آج انتقال کرگئے ۔ مرحوم ایک ہفتہ قبل اپنے گھر میں ایک حادثہ میں جھلس گئے تھے جسکے باعث وہ سول اسپتال میں زیر علاج تھے تاہم آج انکی طبیعت بے حد خراب ہوگئی اور وہ ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود جانبر نہ ہوسکے اور انتقال کرگئے ۔ مرحوم کی عمر 28 سال تھی اور ان کے سوگواران میں والدین سمیت چھ بھائی اور تین بہنیں شامل ہیں ۔ غلام فاروق مرحوم کو پاپوش نگر کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا ۔ مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی اقبال قادری ، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین ، ایم کیوایم قصبہ علی گرھ سیکٹر کمیٹی کے ارکان ، یونٹوں کے ذمہ داران ، کارکنان ، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز وا قارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔ دریں اثناء ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن غلام فاروق کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کااظہا رکیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کوصبرجمیل کی توفیق عطا کرے

## ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکن اور لیاقت آباد سیکٹر کے شہید کارکن کے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کااظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔2، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن غلام فاروق اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 158 کے شہید کارکن شیخ ذکی اللہ کے بڑے بھائی شیخ فرحت اللہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کااظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔

☆☆☆☆☆